سوال

(551) حسین وجمیل پندرہ یاچودہ سال کے لڑکے دیکھ کران کے ساتھ   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حسین وجمیل پندرہ یاچودہ سال کے لڑکے دیکھ کران کے ساتھ دلی طور پرپیار ہوجاتا ہے ۔ اس میں کوئی حرج تو نہیں ۔ وضاحت فرمائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے فرمایا : { فَمَنِ ابۡتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِکَ فَأُولٰٓئِکَ ھُمُ الۡعَادُوۡنَ ٥ } [المؤمنون :۷][''اس کے سواجواورڈھونڈیں وہی حد سے تجاوز کرنے والے ہیں ۔'']

[''امام نووی نے ریاض الصالحین میں باب قائم کیا ہے : اجنبی عورت اور بے ریش حسین بچے کی طرف شرعی ضرورت کے بغیر دیکھنا حرام ہے ۔ اوراللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : '' بے شک کان ، آنکھ اور دل ان سب کی بابت باز پرس ہوگی ۔ [الإسرائ :۳۶]اور فرمانِ الٰہی ہے : '' وہ آنکھوں کی خیانت کو اور سینوں میں چھپی باتوں کو جانتا ہے ۔ '' [غافر:۱۹]] ۱۰ ۱ ۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص469

محدث فتویٰ